سوال

(143) کیا نابالغ لڑکا نماز تراویح پڑھا سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نابالغ لڑکا نماز تراویح پڑھا سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں نماز تراویح نابالغ لڑکا پڑھا سکتا ہے، بشرطیکہ مقتدیوں سے قرآن اس لڑکے کے پاس زیادہ ہو۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں عمرو بن سلمة جو کہ نابالغ بچہ تھا۔ نماز فرض کی جماعت کراتا تھا۔ کیونکہ وہ مقتدیوں سے زیادہ قرآن جاننے والا تھا۔ اس کی تفصیل بخاری مسلم میں موجود ہے۔ (اخبار ہفت روزہ الاسلام لاہور جلد ۱ شمارہ ۲۳)

(مولانا ابو البرکات احمد شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ) (تصدیق حضرت العلام مولانا حافظ محمد گوندلوی گوجرانوالہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 363

محدث فتویٰ